FEDERAL OMBUDSMAN

# نیوز بلیٹن

جنوری تا مارچ 2025ء

شمارہ: 28



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی صدر پاکستان آصف علی زرداری کو اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

## وفاقی محتسب نے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے 2024 صدر پاکستان کو پیش کر دی

## سال کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے، وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2024 صدر پاکستان آصف علی زرداری کو پیش کر دی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان کے ادارے کو سال 2024ء کے دوران ریکارڈ شکایات موصول ہوئیں جن کی تعداد 2 لاکھ 26 ہزار 372 تھی جو سال 2023ء کے مقابلہ میں 17 فیصد زیادہ رہیں۔ سال 2024ء کے دوران 2 لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ تھے۔ شکایات میں یہ اضافہ کھلی کچہریوں، تنازعات کے غیر رسمی حل کے پروگرام "آئی آر ڈی" اور سرکاری دفاتر کے معائنوں جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ادارہ عوام الناس کے لئے کتنا مفید اور موثر ہے۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مظفر آباد آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال سمیت ملک کے 25 شہروں میں موجود ہے جو عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر مفت اور جلد انصاف فراہم کر رہا ہے اور حقیقتاً غریبوں کی عدالت ہے۔ رپورٹ کے مطابق بچوں کی فلاح کے لئے کام کرنے کے ساتھ ساتھ یہ ادارہ بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے بھی کوشاں ہے اور اس مقصد کے لئے ادارے نے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر "یکجا سہولیاتی مراکز" قائم کر رکھے ہیں، جہاں بیرون ملک پاکستانیوں سے متعلق تمام محکموں کے نمائندگان چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور شکایات کا فوری ازالہ کرتے ہیں۔ بیرون ملک پاکستانیوں کے شکایات کمشنر کے ذریعے سال 2024ء کے دوران 149,060 پاکستانیوں کے مسائل حل کئے گئے۔ رپورٹ میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) میں وفاقی محتسب کے بھرپور کردار کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے جس کی صدارت پاکستان کے پاس ہے اور اس پلیٹ فارم سے ایشیاء میں محتسب کے تصور کو اجاگر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (رپورٹ کے نمایاں اعداد و شمار صفحہ 9 پر)

> **بیرون ملک پاکستانیوں کے شکایات کمشنر کے ذریعے سال 2024ء کے دوران 149,060 پاکستانیوں کے مسائل حل کئے گئے**



# سال 2024 کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ

## رواں سال میں دوردراز علاقوں میں عوامی رسائی کو مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی اخبار نویسوں سے گفتگو

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سال نو کے آغاز پر 14 جنوری 2025ء کو اخبار نویسوں سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفر آباد آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال میں نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 25 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، جو محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتا یا کہ سال 2024ء کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 17 فیصد زیادہ ہیں جب کہ گزشتہ سال دو لاکھ 26 ہزار 373 شکایات موصول ہوئیں۔ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے۔ 1983ء سے لے کر اب تک 23 لاکھ خاندان اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال 2024ء کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتا یا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں وفاقی محتسب پاکستان کا نمایاں کردار ہے۔ گزشتہ برس انہوں نے استنبول (ترکی) میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25 ویں اجلاس کی صدارت کی اور ہانگ کانگ میں محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب کیا۔

## وفاقی محتسب کی مداخلت سے

## ہائر پوسٹ کا الاؤنس مل گیا


سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ایک ریٹائرڈ افسر نعیم احمد نے وفاقی محتسب میں درخواست دی کہ وہ سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر کے طور پر ریٹائر ہوا۔ دوران سروس اس نے ہائر پوسٹ پر بطور ایڈیشنل ڈائریکٹر خدمات سرانجام دیں۔ اسے ہائر پوسٹ کا 180 دن کا ایڈیشنل پوسٹ الاؤنس مل گیا لیکن 307 دن کا الاؤنس مختلف حیلوں بہانوں سے ادا نہیں کیا گیا۔ محکمہ نے یہ موقف اختیار کیا کہ ہائر پوسٹ پر صرف 180 دن کی منظوری ہوئی تھی ۔ اس معاملے کی تفصیلی سماعت اور خط و کتابت کے بعد وفاقی محتسب نے محکمے کی بدانتظامی ثابت ہونے پر شکایت گزار کو اضافی الاؤنس دینے کی ہدایت کی مگر سول ایوی ایشن حکام نے وفاقی محتسب کے فیصلے پر عملدرآمد کی بجائے اس فیصلے کے خلاف صدر پاکستان کو اپیل کر دی۔ ایوان صدر میں سماعت کے دوران بھی محکمے کے نمائندگان نے یہ موقف اختیار کیا کہ ہائر پوسٹ پر اس کے 307 دن کے اضافی عرصے کی منظوری نہیں لی گئی تھی تاہم صدر پاکستان نے بھی اسے محکمے کی بدانتظامی قرار دیتے ہوئے شکایت کنندہ کو ہائر پوسٹ کا الاؤنس دینے کے بارے میں وفاقی محتسب کے فیصلے کو بحال رکھا۔ اب وفاقی محتسب کے عملدرآمد ونگ کی کوششوں سے شکایت گزار کو 307 دن کا اضافی الاؤنس بھی مل گیا ہے جس پر اس نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔


برائے رابطہ:

ایڈوائزر (میڈیا): 051-9217259

کنسلٹنٹ (میڈیا): 051-9217232

ای میل: pro2w.mohtasib@gmail.com

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام

وفاقی محتسب کا ادارہ 42 ویں سال میں داخل ہو گیا ہے۔ اس سفر کے دوران اس ادارے نے وفاقی سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خاتمے کے لئے متعدد اقدامات اٹھا کر کئی کامیابیاں حاصل کیں، جن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد، عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف کی فراہمی کے لئے Outreach Complaint Resolution (OCR) پروگرام کے تحت وفاقی محتسب کے افسران کا تحصیل اور ضلعی ہیڈکوارٹرز میں خود جا کر شکایات کی سماعت، ملک کے اہم شہروں میں علاقائی دفاتر کا قیام، فریقین کے درمیان تنازعات کے غیر رسمی حل کے لئے آئی آر ڈی پروگرام کا آغاز جیسے اقدامات شامل ہیں۔ ان اقدامات اور ہمارے افسران و عملے کے عزم، محنت اور لگن کے باعث ہم اب تک 23 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے قابل ہوئے جس کا فائدہ کروڑوں افراد کو ہوا۔ وفاقی محتسب کے ادارے میں نظام اور طریق کار کی شفافیت کے ساتھ ساتھ ارتقاء اور ترقی کا عمل مسلسل جاری رہتا ہے اور نئے نئے اقدامات کے ذریعے پاکستانی عوام کو انصاف کی فراہمی آسان بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ حال ہی میں وفاقی محتسب میں وٹس ایپ چینل کا آغاز کیا گیا ہے جس کے ذریعے عام پاکستانی کے لئے وفاقی محتسب کی سرگرمیوں کے بارے میں مکمل آگاہی مزید آسان ہو گئی ہے۔ ادارے میں شفافیت کے عمل کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے کیونکہ کام کی مسلسل نگرانی اور شفافیت و تطہیر کی جستجو ہی روشن مستقبل کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔ گزشتہ سال کے دوران اس ادارے کی طرف سے دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلوں سے ظاہر ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے تمام ارکان خلوص، پوری تن دہی اور محنت سے کام کرتے ہیں۔ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ عام پاکستانی اس ادارے پر کتنا اعتماد کرتے ہیں۔ عوام الناس کو اس ادارے پر پورا بھروسہ ہے کہ ان کی شکایات کا فیصلہ 60 دن میں ہو جائے گا اور صرف فیصلہ ہی نہیں اس پر عملدرآمد بھی ہو گا۔ میں نے اپنے افسران کو یہ ہدایت کر رکھی ہے کہ شکایت کنندگان کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کریں، اگر وہ سماعت میں شرکت کے لئے نہ آنا چاہیں تو آن لائن ان کو سماعت میں شامل کر کے ان کا موقف سن لیا جائے۔ اس سہولت کے ذریعے اب کوئی بھی پاکستانی گھر بیٹھے ایک پیسہ خرچ کئے بغیر وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اپنی شکایت کی پیروی کر سکتا ہے۔ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب میں سال 2024ء کے دوران آنے والی دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات اگر عام عدالتوں میں جاتیں تو ان پر کتنا اضافی بوجھ پڑتا اور سرکاری وسائل کے استعمال کے ساتھ ساتھ شکایت کنندگان کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ گزشتہ برس کئے گئے فیصلوں میں سے 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو چکا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ سال 2024ء کے دوران دو لاکھ سے زائد شکایت کنندگان کے مسئلے گھر بیٹھے محض ایک درخواست ارسال کرنے سے حل ہو گئے۔ بلاشبہ یہ اس ادارے کی بہت بڑی کامیابی ہے اور اس کی افادیت و اہمیت کا ایک منہ بولتا ثبوت ہے  اللہ تعالیٰ ہمیں اس سفر کو جاری رکھنے اور عام پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(آمین)

## مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر اور میرپور خاص (سندھ) میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر کا افتتاح

# وفاقی افسران عوام الناس کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں، وفاقی محتسب

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی علاقائی دفاتر کے افتتاح کے موقع پر اخبار نویسوں سے گفتگو



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں علاقائی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں (22.01.2025)

وفاقی محتسب نے مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر اور میر پور خاص (سندھ) میں بھی اپنے علاقائی دفاتر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ دونوں مقامات پر افتتاحی تقریبات میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندگان سے خطابات اور وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ملاقاتیں بھی کیں۔ 22 جنوری کو مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر میں علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب نے وفاق کے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ اس ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر، میرپور خاص (سندھ) میں نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 25 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ افتتاحی تقریب میں آزاد جموں وکشمیر کے اعلیٰ حکام، وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کے دوران اپنے ادارے کی کارکردگی کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کا ادارہ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے، وفاقی محتسب نے آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی حکومت کے اداروں کے سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے بھرپور شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے بعدازاں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا محتسب کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی میر پور خاص (سندھ) میں علاقائی دفتر کا افتتاح کرتے ہوئے (20.02.2025)




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی مظفر آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں (22.01.2025)

ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

20 فروری 2025ء کو وفاقی محتسب نے میر پور خاص (سندھ) میں اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے، وفاقی محتسب نے وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے بعد ازاں ایک پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے دائرہ کار، کارکردگی اور نئے اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

# وفاقی محتسب کا وٹس ایپ چینل

## عوامی بیداری بڑھانے کے لئے چینل شروع کیا گیا ہے، وفاقی محتسب




وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کے لئے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کا آفیشل وٹس ایپ چینل شروع کر دیا گیا ہے۔ 11 مارچ کو وٹس ایپ چینل کی افتتاحی تقریب منعقد کی گئی جس میں وفاقی محتسب کے ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر کے افسران نے آن لائن شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ ان کا دفتر وفاقی حکومت کے اداروں میں بدانتظامی سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے لئے سرگرم ہے اور ادارے کے کردار اور کام کے دائرہ کار کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کرنے کے لئے کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اداروں کی انتظامی زیادتیوں سے پریشان کوئی بھی شخص اپنی شکایت کے جلد اور بلا معاوضہ ازالے کے لئے اس دفتر سے رجوع کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہنچ اور رسائی کو بڑھانا اس دفتر کی ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے۔ 1983ء کے بعد سے ادارے میں نمایاں توسیع ہوئی ہے۔ اس ادارے نے صوبائی دارالحکومتوں میں صرف چار علاقائی دفاتر کے ساتھ کام شروع کیا تھا، جو اب آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال سمیت 25 بڑے شہروں میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے علاقائی دفاتر کے قیام اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال نے شکایات سے نمٹنے میں مزید آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب عام لوگوں کے لئے اپنی شکایات درج کرانے کے لئے متعدد ذرائع دستیاب ہیں جن میں ویب سائٹ، موبائل فون، ای میل، زوم لنک کے ذریعے سماعت وغیرہ شامل ہیں جو شکایت کنندگان کو اس دفتر کی جانب سے پیش کی جانے والی خدمات سے فائدہ اٹھانے کے لئے آسان رسائی فراہم کرتے ہیں۔ وفاقی محتسب نے سول سوسائٹی اور میڈیا کو ادارے کی سرگرمیوں کے بارے میں اپ ڈیٹ رہنے کے لئے آفیشل وٹس ایپ چینل کو فالو کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر فعال موجودگی ادارے کے بارے میں آگاہی عام کرنے اور عام لوگوں تک اس کی رسائی اور رابطہ بڑھانے میں بہت اہم کردار ادا کرے گی۔ وفاقی محتسب کے وٹس ایپ چینل کو درج ذیل لنک یا QR کوڈ سے فالو کیا جا سکتا ہے۔

### وٹس ایپ چینل کا QR کوڈ

# وفاقی محتسب کے افسران کی حضرو میں کھلی کچہری میں عوام الناس کی بھرپور شرکت

## متعدد شکایت کنندگان کی گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف شکایات موقع پر ہی حل کرا دی گئیں




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے 26 فروری 2025ء کو حضرو ضلع اٹک میں کھلی کچہری منعقد کی جس میں شکایت کنندگان اور میڈیا کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب کے افسران نے کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، کنٹونمنٹ بورڈ، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ صوبائی محکموں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب کو بھجوا دی گئیں۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے حضرو میں تحصیل انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران اور حضرو کی اسسٹنٹ کمشنر عائشہ بدر سمیت ضلعی انتظامیہ کے مقامی افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے میڈیا کے نمائندوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہو رہی ہے۔ انہوں نے میڈیا نمائندگان کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔

## وفاقی محتسب کے قیام کے 42 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب کا پیغام

24 جنوری 2025ء کو وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال مکمل ہو گئے۔ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 25 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارے کی طرف سے 23 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے:

"وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور جلد انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہوگی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے! نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔"

## اے پی پی کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

# وفاقی محتسب کے طریق کار اور کارکردگی کے بارے میں بریفنگ

18 فروری 2025ء کو ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (اے پی پی سی) کے ایک وفد نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ دورے پر آئے ہوئے اے پی پی کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم اسٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک مؤثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر انوسٹی گیشن، ایڈوائزر عمل درآمد اور ایڈوائزر میڈیا بھی موجود تھے جب کہ اے پی پی سی کے وفد میں رب نواز باجوہ، ڈائریکٹر وی این ایس اور عبدالقدوس چیف ایڈیٹر وی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر ایڈوائزر اور سابق سفیر عبدالمعز بخاری نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024ء میں، وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں، جن کی تعداد 226,373 تھی، جب کہ 223,198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد زیادہ ہیں۔ وفد کو بتایا گیا کہ باہمی تنازعات کو نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام (آئی آر ڈی)، آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR)، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور ٹیکنالوجی کے زیادہ استعمال جیسے اقدامات سے ادارے کی رسائی اور پہنچ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سال 2024ء کے دوران ادارے کی ایک اور اہم کامیابی اس کے فیصلوں پر موثر عمل درآمد ہے جو کہ 2023ء کے دوران 85.70 فیصد سے بڑھ کر 93.21 فیصد ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ملک کے 25 بڑے شہروں میں خدمات فراہم کر رہا ہے اور ہیڈ کوارٹر اسلام آباد سمیت تقریباً پورے ملک کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوشن (IOI) کا فعال رکن ہے جب کہ ایشیاء میں محتسبین کی 47 رکنی تنظیم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کی صدارت کے لئے پاکستان کے محتسب کا بلا مقابلہ انتخاب پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ بریفنگ کے بعد سوال/ جواب کا سیشن ہوا۔ وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور اس کے علاقائی دفاتر کے کام اور آپریشنز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کی طرف سے بدانتظامی سے نمٹنے کے باعث ملک میں اچھی طرز حکمرانی اور قانون کی بالادستی قائم کرنے میں مدد ملے گی۔



پاکستان میں ترکی کے سفیر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سے ملاقات کر رہے ہیں (13.01.2025)



وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سیکرٹری کی زیر صدارت ایک اجلاس میں پاسپورٹ آفس کے حکام شریک ہیں (18.03.2025)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے پاسپورٹوں اور ان کی تجدید میں غیر معمولی تاخیر کے سلسلے میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں وفاقی محتسب کے سیکرٹری کی صدارت میں ایک خصوصی میٹنگ ہوئی جس میں ڈی جی پاسپورٹ، منسٹری آف فارن افیئرز کے سینئر افسر، وفاقی محتسب کے شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز اور دیگر ایڈوائزروں نے شرکت کی۔ ڈی جی پاسپورٹ نے بتایا کہ اس وقت ملک میں 223 پاسپورٹ آفس کام کر رہے ہیں جبکہ 18 نئی پاسپورٹ مشینیں بھی درآمد کی جا چکی ہیں جس کے باعث پاسپورٹ کی تجدید یا نئے پاسپورٹ جاری کرنے کے مسائل پر بہت حد تک قابو پایا جا چکا ہے۔ اب پاسپورٹ مقررہ مدت کے اندر جاری کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دیگر ممالک میں سیاسی پناہ حاصل کرنے والوں اور اس کے لئے اپلائی کرنے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹوں کے حوالے سے سمری حکومت کو بھجوائی جا چکی ہے جس کی منظوری کے بعد جلد ہی پالیسی کا اعلان کر دیا جائے گا۔

# وفاقی محتسب کے اہم فیصلے

## اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن سے 92 لاکھ روپے دلا دیے

☆......علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے انچارج مشتاق احمد اعوان نے سیالکوٹ میں کھلی کچہری منعقد کر کے بجلی، گیس، نادرا، پاسپورٹ اور پاکستان بیت المال سمیت متعدد وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں۔ انہوں نے اس موقع پر عوامی آگاہی کے لئے وفاقی محتسب کے دائرہ کار اور شکایت داخل کرنے کے طریق کار کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یہ واحد ادارہ ہیں جہاں شکایت کنندگان کو 60 دن میں انصاف مل جاتا ہے۔ مشتاق احمد اعوان قبل ازیں علاقائی دفتر سرگودھا کے انچارج تھے۔ انہوں نے گوجرانوالہ تبدیلی سے چند روز قبل اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی طرف سے 14 مختلف شکایت کنندگان کو 92 لاکھ روپے سے زائد کے کلیمز دلوائے جنہیں اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن مختلف حیلوں بہانوں سے ادائیگی کرنے سے گریزاں تھی۔ انشورنس کی ڈوبی ہوئی رقم کی وصولی کے بعد شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب، ادارے کے افسران اور تمام عملے کا شکریہ ادا کیا جن کی بھرپور کوشش سے انہیں ان کا حق مل گیا۔

## 40 شکایات کنندگان کو فوری ریلیف مل گیا


☆......علاقائی دفتر سکھر کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ نے خیر پور میں کھلی کچہری منعقد کر کے 100 سے زائد درخواستوں پر سماعت کی اور تقریباً 40 شکایت کنندگان کو مختلف وفاقی اداروں جیسے بجلی، گیس، ریڈیو پاکستان، پوسٹل لائف انشورنس، این ایچ اے، پی ٹی اے اور پاکستان بیت المال وغیرہ سے فوری ریلیف دلا دیا۔

## 10 لاکھ روپے سے زائد کا فوری ریلیف

☆......علاقائی دفتر ملتان کے انوسٹی گیشن افسر حافظ محمد صہیب نے ڈیرہ غازی خان میں کھلی کچہری منعقد کر کے 110 سے زائد شکایت کنندگان کی شکایات سنیں اور مختلف محکموں سے دس لاکھ سے زائد کا فوری ریلیف شکایت کنندگان کو دلایا۔ عوام الناس نے کھلی کچہری کے دوران وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ انہیں گھر کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف فراہم کیا جا رہا ہے۔

## تاندلیانوالہ میں کھلی کچہری

☆......علاقائی دفتر لاہور کے سینئر ایڈوائزر محمد وسیم اختر نے تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد میں کھلی کچہری منعقد کر کے فیسکو، نادرا اور دیگر وفاقی اداروں سے متعلق 60 سے زائد کیسوں کی سماعت کی۔ بعض شکایت کنندگان کو موقع پر ہی ریلیف فراہم کیا گیا۔



To: Wafaqi Mohtasib (Ombudsman)'s

Sub: REQUEST FOR PAYMENT OF MEDICAL REIMBURSEMENT: Letter of Thanks

Ref: WMS-HQR/000668 1/24

Dear Sir,

The subject reimbursement case is lingering since 2016. After running from pillar to post for a longtime, I approached Ombudsman's Secretariat seeking support.

2. In your office, I am impressed by the streamlined working arrangement, performing so efficiently. Especially Mr. Parvez Halim Rajpoot, Deputy Advisor (Imp) took keen interest in resolving the case. He analyzed the merits, methodically probed the issues and persuaded the Agency (PIMS) for discharging their duties abiding by the rules. His dedicated and persistent efforts bore fruit; the Agency (PIMS) cooperated and processed the documentation necessary for submission of the reimbursement case to Federal Directorate of Education (FDE) through the concerned School (IMCG G-6/1-4).

3. I am very thankful to your esteemed office for extending diligent cooperation for moving towards resolving such an old case. Please accept my heartfelt gratitude.

(Waseem Azhar)

## بجلی کے زائد بلوں کی رقم پانچ لاکھ روپے واپس

علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے وہاڑی میں کھلی کچہری کے دوران شکایات وصول کیں اور 33 شکایات کی موقع پر ہی سماعت کر کے بعض شکایت کنندگان کو ریلیف دلایا۔ انہوں نے (MEPCO) سے پانچ لاکھ روپے مالیت کے بجلی کے بلوں کی رقم واپس کرنے کے احکامات جاری کئے اور 08 سے زائد بجلی کے منقطع کنکشن فوراً بحال کرائے۔ ایک اور کیس میں ایک شہری نے درخواست دی کہ (MEPCO) حکام نے خان پور روڈ پر سڑک کے عین درمیان میں بجلی کا کھمبا نصب کر رکھا ہے، جس سے کسی بھی وقت حادثہ ہو سکتا ہے۔ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسر محمود خان نے (MEPCO) حکام سے رابطہ کر کے 2 دن میں کھمبے کو وہاں سے دوسری جگہ منتقل کروا دیا۔

## وفاقی محتسب کی مداخلت سے ٹرانسفارمر اپ گریڈ کر دیا گیا

☆......علاقائی دفتر بہاولپور کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان نے بہاولنگر میں کھلی کچہری منعقد کر کے (MEPCO) سے زائد بلوں کی مد میں تقریباً 9 لاکھ روپے واپس کرائے نیز 11 خراب میٹرز فوری طور پر تبدیل کرائے۔ علاوہ ازیں بستی فاروق آباد میں 50KV کا ٹرانسفارمر تبدیل کروا کر 100KV کا ٹرانسفارمر اپ گریڈ کروا دیا۔

☆......علاقائی دفتر بہاولپور کے ڈپٹی رجسٹرار یاسر شبیر نے اوسی آر پروگرام کے تحت حاصل پور کا دورہ کر کے شکایت کنندگان کو (MEPCO) سے چار لاکھ سے زائد کا فوری ریلیف دلانے کے علاوہ پانچ خراب میٹرز بھی درست کروائے۔

# Highlights of the Year

**Receipt** Complaints
**226,372**

**Disposal** Complaints
**223,198**

Total relief of Rs. 8.22 billion


**126** Khuli Katcheries (Open Courts) held
(Dispensing administrative accountability closer to homes)

**171** OCR Visits
(Enhancing outreach and accessibility )

**79** Inspection Visits
(Improving service delivery of federal agencies)

**80** Studies / Reports
(Addressing systemic flaws impacting public welfare 1985-2024)

Effective Implementation of Findings/Decisions




## RAISING PUBLIC AWARENESS

| | |
|---|---|
| Press releases | 64 |
| Articles / Columns | 382 |
| Awareness lectures | 110 |
| TV/Press interviews | 97 |
| Video clips | 1318 |
| Radio programmes | 141 |

- No fee or lawyer required
- Facility of online hearing
- Disposal of complaints within 60 Days
- Presence in 24 stations in the country
- Helpline: 1055 For Children: 1056

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر پروگرام کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ڈاکٹر محمد زاہد ملک ایمرسن یونیورسٹی میں آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے (23.03.2025)



علاقائی دفتر لاہور کے ایڈوائزر میاں شجاع الدین ذکاء قصور میں او سی آر پروگرام کے تحت شکایات کی سماعت کر رہے ہیں (19.02.2025)



علاقائی دفتر کوئٹہ کے انوسٹی گیشن آفیسر احمد وقاص کاشی وفاقی محکموں کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس میں (23.03.2025)



وفاقی محتسب کے شکایات سینٹر صدہ ضلع کرم کے ڈپٹی ایڈوائزر بختیار گل، کُرم میں شکایات سن رہے ہیں (20.02.2025)



علاقائی دفتر حیدر آباد کے انچارج ڈاکٹر سید رضوان احمد کا عیسائی کمیونٹی کو ریلیف دلانے کے بعد گروپ فوٹو (26.03.2025)



علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے انچارج مشتاق احمد اعوان سیالکوٹ میں شکایات سن رہے ہیں (12.03.2025)



علاقائی دفتر فیصل آباد کے کامران مقصود چنیوٹ میں شکایات سن رہے ہیں (20.03.2025)

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور اوسی آر پروگرام کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر کراچی کے سینئر ایڈوائزر انچارج سید انوار حیدر ویسٹ کراچی میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے (27.02.2025)



علاقائی دفتر بہاولپور کے انوسٹی گیشن آفیسر شکایات کی سماعت کر رہے ہیں (20.03.2025)



علاقائی دفتر مظفر آباد کے انچارج منصور ڈار شکایات سنتے ہوئے (19.03.2025)



علاقائی دفتر ساہیوال کے انچارج عنایت اللہ دولہ، دیپالپور میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سنتے ہوئے (20.03.2025)



علاقائی دفتر کوئٹہ کے ڈپٹی رجسٹرار امیر محمد رند، اسلامک ریلیف کے ایک پروگرام میں شامل ہیں (18.03.2025)



علاقائی دفتر پشاور کے افسران، باچا خان انٹرنیشنل ائرپورٹ کا دورہ کر رہے ہیں (11.03.2025)




علاقائی دفتر ڈی آئی خان کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر عمران خان عوام الناس کی شکایات سنتے ہوئے (20.03.2025)

FEDERAL OMBUDSMAN

# وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف

# وفاقی محتسب سے شکایت کریں

















وفاقی حکومت کے اداروں جیسے بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاکستان ریلوے، پاکستان پوسٹ آفس، بیت المال، پاسپورٹ آفس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اور دیگر وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اگر آپ کی کوئی شکایت ہے تو آپ وفاقی محتسب سے رجوع کر کے گھر بیٹھے انصاف حاصل کر سکتے ہیں

وفاقی محتسب میں وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کرنے کا طریقہ بڑا سادہ اور آسان ہے، کوئی بھی شہری بذریعہ خط، ای میل، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا اپنے قریبی مرکزی/علاقائی دفتر آ کر شکایت درج کرا سکتا ہے

## وفاقی محتسب میں شکایت کی نہ کوئی فیس ہے، نہ کسی وکیل کی ضرورت

## وفاقی محتسب میں ہر شکایت کا فیصلہ ساٹھ دن میں کر دیا جاتا ہے

نوٹ: دفاع، امور خارجہ، عدالتوں میں زیر سماعت اور سرکاری اداروں میں ملازمت سے متعلق امور ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ ہمارے دائرہ اختیار کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

/WafaqiMohtasibSecretariatOfficial
ombuds.registrar@gmail.com
/c/WafaqiMohtasibSecretariat
/wafaqimohtasib
www.mohtasib.gov.pk
/store/apps/details?id=
com.pk.gov.wafaqimohtasib

ہیلپ لائن: 1055
بچوں کی شکایات کیلئے: 1056

36-شاہراہ دستور، بالمقابل سپریم کورٹ آف پاکستان، G-5/2, اسلام آباد
فون نمبر: 92-51-9213886-7 فیکس نمبر: 92-51-9217224

## وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر

### علاقائی دفتر، لاہور
3rd,15A فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، ڈیوس روڈ، لاہور
فون نمبر: (92)42-99201017-18
فیکس نمبر: (92)42-99201021
ای میل: ombuds.wmsrol@gmail.com

### علاقائی دفتر، کراچی
4-B، فیڈرل گورنمنٹ سیکریٹریٹ، صدر، کراچی
فون نمبر: (92)21-9920115
فیکس نمبر: (92)21-99202121
ای میل: ombuds.wmsrok@gmail.com

### علاقائی دفتر، پشاور
1st فلور، بنوویلنٹ فنڈ بلڈنگ، پشاور کینٹ، پشاور
فون نمبر: (92)91-9211570
فیکس نمبر: (92)91-9211571
ای میل: ombuds.wmsrop@gmail.com

### علاقائی دفتر، خضدار
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ
کمشنر آفس، خضدار
فون: 0300-2681375

### علاقائی دفتر، کوئٹہ
سول ڈیفنس بلڈنگ، سمنگلی روڈ، کوئٹہ۔
فون نمبر: (92)81-9202679
فیکس نمبر: (92)81-9202691
ای میل: ombuds.wmsroq@gmail.com

### علاقائی دفتر، سکھر
مکان نمبر 107-A، نزد نادرا آفس، سندھی کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ائیرپورٹ روڈ، سکھر
فون نمبر: (92)71-9310884
فیکس نمبر: (92)71-9310012
ای میل: ombuds.wmsros@gmail.com

### علاقائی دفتر، ملتان
پلاٹ نمبر 4/6، بلاک نمبر X
مین نیو ملتان روڈ۔ ملتان
فون نمبر: (92)61-9330026
فیکس نمبر: (92)61-9330027
ای میل: ombuds.wmsrom@gmail.com

### علاقائی دفتر، بہاولپور
مکان نمبر 50۔اے، محمدیہ کالونی، نور محل روڈ، بہاولپور
فون نمبر: (92)62-9255613
فیکس نمبر: (92)62-925561
ای میل: ombuds.wmsrob@gmail.com

### علاقائی دفتر، فیصل آباد
بلڈنگ نمبر P-21، نیو سول لائن نزد ٹوٹل پٹرول پمپ، جیل روڈ، فیصل آباد
فون نمبر: (92)41-9201055
فیکس نمبر: (92)41-9201021
ای میل: ombuds.wmsrof@gmail.com

### علاقائی دفتر، ڈیرہ اسماعیل خان
پلاٹ نمبر 1، سروے نمبر 79، قائداعظم روڈ نزد جی پی او چوک
کینٹ، ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر: (92)966-9280164
فیکس نمبر: (92)966-9280256
ای میل: ombuds.wmsrod@gmail.com

### علاقائی دفتر مظفر آباد
بلاک نمبر 5، نیا سیکرٹیریٹ چھتر ڈومیل، مظفر آباد
آزاد جموں و کشمیر۔ فون نمبر: 05822-940241
ای میل ایڈریس: romzdajk@mohtasib.gov.pk

### علاقائی دفتر، حیدر آباد
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 03، 6th فلور، ٹھنڈی سڑک، حیدر آباد
فون نمبر: (92)22-9201601
فیکس نمبر: (92)22-9201600
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroh@gmail.com

### علاقائی دفتر، گوجرانوالہ
144-145، 1st فلور، ممتاز مارکیٹ، نزد نادرا ایگزیکٹو آفس جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ
فون نمبر: (92)55-9330616
فیکس نمبر: (92)55-9330636
ای میل: ombuds.wmsrog@gmail.com

### علاقائی دفتر، ایبٹ آباد
کمرہ نمبر 6، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سیکریٹریٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر: (92)992-9310538
فیکس نمبر: (92)992-9310549
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroa@gmail.com

### علاقائی دفتر، میرپور خاص
ہاؤس نمبر 59۔علی ٹاؤن،
حیدرآباد روڈ نزد کے ایف سی بلڈنگ،
میرپور خاص (سندھ)
فون: 0233-933004-5

### علاقائی دفتر، خاران
ریجنل آفس کوئٹہ روڈ، خاران
فون نمبر: (92)847-510305
فیکس نمبر: (92)847-510305

### علاقائی دفتر، سرگودھا
آفس آف صوبائی محتسب پنجاب
پی اے ایف روڈ نزد سرکٹ ہاؤس سرگودھا
فون نمبر: (92)48-9330155
فیکس نمبر: (92)48-9330156

### علاقائی دفتر، سوات
نزد اللہ اکبر مسجد سیدو شریف، سوات
فون: (92)0946-920052
فیکس: (92)0946-920051

### علاقائی دفتر گلگت بلتستان
سوشل ویلفیئر ڈائریکٹوریٹ،
نزد شہزادہ مارکیٹ جوٹیال گلگت
فون نمبر: 0312-9703311

### علاقائی دفتر: ساہیوال
مکان نمبر W-35، گراؤنڈ فلور سکیم نمبر 2،
فرید ٹاؤن، ساہیوال
فون نمبر: 040-9330440
ای میل: daula66@gmail.com

### شکایات سنٹر، وانا
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، وانا
جنوبی وزیرستان
فون: 0965-211046

### شکایات سنٹر، صدہ
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، صدہ، ضلع کرم
فون: 0333-9108025

### شکایات سنٹر، سبی
ڈپٹی کمشنر آفس
سبی، بلوچستان
فون: 0332-7919990

### شکایات سنٹر، لورالائی
صوبائی محتسب آفس، ڈی سی کمپلیکس، لورالائی